احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعرات 5 مئی 2005ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعرات 5 مئی 2005ء 25 ربیع الاول 1426 ہجری 5 ہجرت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 98

حق شفاعت

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

ہر نبی کو ایک خاص دعا کا حق دیا گیا ہے جو اس نے کی اور وہ قبول کر لی گئی مگر میں نے اپنی اس دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کے لئے بطور شفاعت رکھ چھوڑا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الدعوات باب لکل نبی دعوة مستجابة حدیث نمبر 5830)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خوب یاد رکھو کہ سچا الہام جو خالص خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے مندرجہ ذیل علامتیں اپنے ساتھ رکھتا ہے:۔

(1) وہ اس حالت میں ہوتا ہے کہ جب کہ انسان کا دل آتش درد سے گداز ہو کر مصفّا پانی کی طرح خدا تعالیٰ کی طرف بہتا ہے۔ اسی طرف حدیث کا اشارہ ہے کہ قرآن غم کی حالت میں نازل ہوا۔ لہٰذا تم بھی اس کو غمناک دل کے ساتھ پڑھو۔

(2) سچا الہام اپنے ساتھ ایک لذت اور سرور کی خاصیت لاتا ہے اور نامعلوم وجہ سے یقین بخشتا ہے اور ایک فولادی میخ کی طرح دل کے اندر دھنس جاتا ہے اور اس کی عبارت فصیح اور غلطی سے پاک ہوتی ہے۔

(3) سچے الہام میں ایک شوکت اور بلندی ہوتی ہے۔ اور دل پر اس سے مضبوط ٹھوکر لگتی ہے۔ اور قوت اور رعبناک آواز کے ساتھ دل پر نازل ہوتا ہے۔ مگر جھوٹے الہام میں چوروں اور مخنثوں اور عورتوں کی سی دھیمی آواز ہوتی ہے۔ کیونکہ شیطان چور اور مخنث اور عورت ہے۔

(4) سچا الہام خدا تعالیٰ کی طاقتوں کا اثر اپنے اندر رکھتا ہے۔ اور ضرور ہے کہ اس میں پیشگوئیاں بھی ہوں اور وہ پوری بھی ہو جائیں۔

(5) سچا الہام انسان کو دن بدن نیک بناتا جاتا ہے۔ اور اندرونی کثافتیں اور غلاظتیں پاک کرتا ہے اور اخلاقی حالتوں کو ترقی دیتا ہے۔

(6) سچے الہام پر انسان کی تمام اندرونی قوتیں گواہ ہو جاتی ہیں اور ہر ایک قوت پر ایک نئی اور پاک روشنی پڑتی ہے اور انسان اپنے اندر ایک تبدیلی پاتا ہے اور اس کی پہلی زندگی مر جاتی ہے اور نئی زندگی شروع ہوتی ہے۔ اور وہ بنی نوع کی ایک عام ہمدردی کا ذریعہ ہوتا ہے۔

(7) سچا الہام ایک ہی آواز پر ختم نہیں ہوتا۔ کیونکہ خدا کی آواز ایک سلسلہ رکھتی ہے۔ وہ نہایت ہی حلیم ہے جس کی طرف توجہ کرتا ہے۔ اس سے مکالمت کرتا ہے اور سوالات کا جواب دیتا ہے۔ اور ایک ہی مکان اور ایک ہی وقت میں انسان اپنے معروضات کا جواب پا سکتا ہے۔ گو اس مکالمہ پر کبھی فترت کا زمانہ بھی آ جاتا ہے۔

(8) سچے الہام کا انسان کبھی بزدل نہیں ہوتا اور کسی مدعی الہام کے مقابلہ سے اگرچہ وہ کیسا ہی مخالف ہو نہیں ڈرتا۔ جانتا ہے کہ میرے ساتھ خدا ہے اور وہ اس کو ذلت کے ساتھ شکست دے گا۔

(9) سچا الہام اکثر علوم اور معارف کے جاننے کا ذریعہ ہوتا ہے۔ کیونکہ خدا اپنے ملہم کو بے علم اور جاہل رکھنا نہیں چاہتا۔

(10) سچے الہام کے ساتھ اور بھی بہت سی برکتیں ہوتی ہیں اور کلیم اللہ کو غیب سے عزت دی جاتی ہے اور رعب عطا کیا جاتا ہے۔

(ضرورة الامام۔ روحانی خزائن جلد 13 ص 489)

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا
خطبہ جمعہ کینیا سے براہ راست

مورخہ 6 مئی بروز جمعة المبارک پاکستانی وقت کے مطابق 3:00 بجے دوپہر سیدنا حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ (صرف آڈیو) ممباسہ، کینیا سے ایم ٹی اے پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

احباب دعائیں جاری رکھیں

سیدنا حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی والدہ ماجدہ حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کی صحت کے حوالے سے احباب دعائیں جاری رکھیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے فضل عمر ہسپتال میں دو آپریشنز ہو چکے ہیں۔ لیکن کمزوری بہت زیادہ ہے اور آپ ابھی ہسپتال میں ہی زیر علاج ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس بابرکت وجود کو محض اپنے فضل و کرم سے مکمل صحت یابی عطا فرمائے اور ہر آن اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آمین

عطیہ برائے گندم

ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات گندم کھاتہ نمبر 326-3/4550 معرفت افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم دفتر جلسہ سالانہ ربوہ)

طلبہ کیلئے درخواست دعا

ان ایام میں بہت سے طلبہ و طالبات مختلف کلاسوں کے امتحان دے رہے ہیں۔ احباب سے گزارش ہے کہ ان سب کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو محنت کی توفیق دے اور اعلیٰ کامیابیوں سے نوازے۔ آمین

مشعل راہ

صبح و شام ضرور برش کرنا چاہئے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

دانتوں کی صفائی کے بارے میں حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مسواک کرنے سے منہ کی صفائی ہوتی ہے۔ خدا کی خوشنودی حاصل ہوتی ہے اور ایک روایت میں ہے کہ آنکھ کی روشنی بڑھتی ہے۔

(بخاری۔ کتاب الصوم باب سواك الرطب و اليابس للصائم)

پھر اسی بارے میں دوسری روایت ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر مجھے اپنی امت کی یا لوگوں کی تکلیف کا خیال نہ ہوتا تو میں ان کو یہ حکم دیتا کہ ہر نماز پر مسواک کیا کریں۔

(بخاری ۔ کتاب الصلوٰۃ بالسواك یوم الجمعة)

اب بعض لوگوں کے منہ سے بو آتی ہے۔ ان کو بھی اس بات کا خیال رکھنا چاہئے، لوگوں کی تکلیف کا احساس ہونا چاہئے۔ حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو بیدار ہوتے تھے تو مسواک سے اپنا منہ صاف کیا کرتے تھے۔ آج کل ڈاکٹر اپنی تحقیق کے مطابق یہ کہتے ہیں کہ صبح شام ضرور برش کرنا چاہئے۔ رات کو سونے سے پہلے اور صبح اٹھ کر۔ ورنہ بیماریاں پیدا ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ بلکہ ایک تحقیق یہ بھی کہتی ہے کہ آدمی جب صبح اٹھتا ہے تو اس کے دانتوں پر چھ سو مختلف سپیشیز (species) کے لاتعداد بیکٹیریا ہوتے ہیں۔ سپیشیز (species) ہی چھ سو ہوتی ہیں جو دانتوں پہ لگی ہوتی ہیں اور تعداد کتنی ہے، یہ پتہ نہیں۔ لیکن دیکھیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پندرہ سو سال پہلے ہمیں بتا دیا کہ سو کر اٹھو تو پہلے دانت صاف کرو۔ اب ان باتوں کو دیکھ کر آج کل کے ڈاکٹر اور سائنسدان کو خدا اور (۔) کی سچائی پر یقین ہونا چاہئے کہ جو باتیں اس زمانے کی تحقیق سے ثابت ہو رہی ہیں اور اب پتہ لگ رہی ہیں وہ باتیں آج سے پندرہ سو سال پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں بتا چکے ہیں۔

کھانا کھانے سے پہلے بھی ہاتھ دھونے کا حکم آتا ہے۔ آپؐ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوتے تھے اور کلّی کرتے تھے بلکہ ہر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد کلّی کرتے اور آپؐ پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد بغیر کلّی کئے نماز پڑھنے کو ناپسند فرماتے تھے۔

(بخاری کتاب الاطعمه)

کھانا کھا کر کلّی بھی کرنی چاہئے اور ہاتھ بھی دھونے چاہئیں۔ اور اس سے پہلے بھی تاکہ ہاتھ صاف ہو جائیں۔ اور بعد میں اس لئے کہ سالن کی بُو منہ اور ہاتھوں سے نکل جائے۔ آج کل تو مسالے بھی ایسے ڈالے جاتے ہیں کہ کھاتے ہوئے شاید اچھے لگتے ہوں لیکن اگر اچھی طرح ہاتھ منہ نہ دھویا ہو تو بعد میں دوسروں کے لئے کافی تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ پھر آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ ہاتھ دھو کر دائیں ہاتھ سے کھانا کھانا چاہئے۔

(بخاری ۔ کتاب الاطعمه باب التسمية على الطعام و الاكل باليمين)

(الفضل 20 جولائی 2004ء)

دلی دعائیں

تیرا سفر ہو باعثِ رحمت خدا کرے
ہو لحہ لحہ ساعتِ نصرت خدا کرے

سایہ فگن ہو نصرتِ مولیٰ قدم قدم
''ہر ملک میں تمہاری حفاظت خدا کرے''

مشکل کوئی بنے نہ کسی جا بھی سدِّ راہ
ہر حال میں تمہاری اعانت خدا کرے

دنیا بگوشِ ہوش سنے تیری بات کو
اترے دلوں میں تیری نصیحت خدا کرے

رغبت دلوں میں پیدا ہو ایمان کی طرف
دیکھے فلک یہ شانِ فصاحت خدا کرے

دنیا سمٹ کے آئے یوں قدموں تلے ترے
ظاہر ہو تجھ سے ایسی کرامت خدا کرے

فتح و ظفر سے تیرا علَم سر بلند ہو
ہر گام پر ملے تمہیں رفعت خدا کرے

''تم ہو خدا کے ساتھ' خدا ہو تمہارے ساتھ''
ہر دم نصیب اپنی معیت خدا کرے

مستِ مئے وفا ہے عطاء المجیب بھی
بڑھتی رہے وفا کی یہ دولت خدا کرے

عطاء المجیب راشدؔ

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

دین حق کا امن کا پیغام اپنے عمل سے دنیا کو دیں

انسانیت کی خدمت کریں اور کبھی کسی فتنہ و فساد میں شامل نہ ہوں

(آزادی ضمیر و مذہب اور ہمدردیٔ بنی نوع انسان پر مبنی دین حق کی حسین اور پُر امن تعلیم کا تذکرہ)

جلسہ سالانہ بورکینا فاسو کے موقع پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا افتتاحی خطاب

تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور نے فرمایا:

معزز مہمانان کرام اور میرے پیارے بھائیو، بہنو!

آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ بورکینا فاسو کا جلسہ سالانہ شروع ہو رہا ہے بلکہ ایک لحاظ سے جمعہ سے ہی شروع ہو بھی چکا ہے۔ آپ لوگ جو یہاں اکٹھے ہوئے ہیں اس نیت سے اکٹھے ہوئے ہیں کہ حضرت اقدس مسیح موعود کی بیعت میں شامل ہو کر آپ نے (۔) کی جس خوبصورت تعلیم کو اختیار کیا ہے اس میں ایک نئی روح پھونکیں اور یہاں سے تازہ دم ہو کر جائیں اور اس خوبصورت تعلیم کا پرچار کریں۔ اب ہم دیکھتے ہیں کہ وہ تعلیم ہے کیا؟ اس تعلیم میں دو ہی بڑی باتیں ہیں۔ ایک تو یہ پہلی بات کہ اپنے پیدا کرنے والے کی عبادت کریں، اس کے آگے جھکیں اور اس کو ہی اپنا سب کچھ سمجھیں۔ دوسرے انسانیت کی خدمت کریں اور کبھی کسی فتنہ وفساد میں شامل نہ ہوں۔ حکومت کی بھلائی کے لئے دعائیں کرتے رہیں اور ہمیشہ اس کے فرمانبردار رہیں۔ کیونکہ جو بھی حکومت ہو احمدی ہمیشہ اس کا فرمانبردار ہی رہتا ہے۔ کبھی کسی فتنہ پیدا کرنے والے کا ساتھ نہ دیں۔ ہمیشہ امن کی تعلیم دیتے رہیں کیونکہ یہی (۔) کی بنیادی تعلیم ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (المائدہ:33)

کہ جس نے بھی کسی ایسے نفس کو قتل کیا کہ اس نے کسی دوسرے کی جان نہ لی ہو یا زمین میں فساد نہ پھیلایا ہو تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کر دیا۔

اس بارہ میں حضرت اقدس مسیح موعود بانی جماعت احمدیہ فرماتے ہیں:

”جس شخص نے ایسے شخص کو قتل کیا کہ اس نے کوئی ناحق کا خون نہیں کیا تھا یا کسی ایسے شخص کو قتل کیا جو نہ بغاوت کے طور پر امن عامہ میں خلل ڈالتا تھا اور نہ زمین میں فساد پھیلاتا تھا تو اس نے تمام انسانوں کو قتل کر دیا۔ یعنی بے وجہ ایک انسان کو قتل کر دینا خدا کے نزدیک ایسا ہے کہ گویا تمام بنی آدم کو ہلاک کر دیا۔ ان آیات سے ظاہر ہے کہ بے وجہ کسی انسان کا خون کرنا کس قدر.........کبیرہ ہے“۔

(روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 394)

تو یہ ہے (۔) کی خوبصورت تعلیم کہ بلاوجہ کسی کو قتل کرنا، کسی کا خون بہانا اسی طرح ہے گویا تم نے پوری انسانیت کو قتل کر دیا۔ یعنی ایک آدمی کو بھی قتل کرنے کا گناہ تم پر ایسا ہی ہے جیسے ہزاروں معصوم جانوں کا تم نے قتل کر دیا۔ اب ہر کوئی تصور کر سکتا ہے کہ بلاوجہ ہزاروں معصوم جانوں کو قتل کرنے کی سزا کس قدر ہو گی۔ اب اس کے خلاف جو بھی کرتا ہے وہ (۔) کی تعلیم کے خلاف کرتا ہے۔

پھر حضرت مسیح موعود ہمیں مزید اس سے بھی آگے لے جاتے ہیں جو باتیں میں نے کی ہیں کیونکہ انہوں نے صحیح غور اور تدبر سے (۔) تعلیم کو دیکھا اور سمجھا اور اللہ تعالیٰ نے ان کی راہنمائی فرمائی۔

آپ اس آیت کی مزید تشریح فرماتے ہیں کہ:

”جو شخص ہمدردی کو چھوڑتا ہے وہ دین کو چھوڑتا ہے۔ قرآن شریف فرماتا ہے (۔) یعنی جو شخص کسی نفس کو بلاوجہ قتل کر دیتا ہے وہ گویا ساری دنیا کو قتل کرتا ہے۔ فرماتے ہیں ایسا ہی میں کہتا ہوں کہ اگر کسی شخص نے اپنے بھائی کے ساتھ ہمدردی نہیں کی تو اس نے ساری دنیا کے ساتھ ہمدردی نہیں کی۔

(الحکم جلد 9 نمبر 15 مورخہ 30/ اپریل 1905ء صفحہ 2 بحوالہ تفسیر حضرت مسیح موعود جلد دوم صفحہ 405)

اب اس آیت سے حضرت مسیح موعود نے ایک اور خوبصورت نکتہ نکالا ہے کہ لوگ سمجھتے ہیں کہ (۔) تشدد کی تعلیم دیتا ہے یہ لوگوں کی سمجھ کا قصور ہے۔ (۔) تو یہ کہتا ہے کہ اگر تم کسی انسان سے ہمدردی نہیں کرتے تو تب بھی تم دنیا کا امن وسکون برباد کرنے والے ہو۔ اس لئے کسی کو قتل کرنا تو ایک طرف رہا، تمہیں تو چاہئے کہ دنیا کے ہر فرد کے ساتھ ہمیشہ ہمدردی کا رویہ رکھو اور (۔) کی امن کی تعلیم کو پھیلاؤ۔ آنحضرت ﷺ کی زندگی میں ہمیں اس ہمدردی کی بے شمار مثالیں ملتی ہیں۔ کچھ میں یہاں بیان کرتا ہوں۔

ایک دفعہ اہل مکہ نے یمامہ کے ایک سردار ثمامہ کو کہا کہ سنا ہے کہ تو بے دین ہو گیا ہے اس لئے ہم نے تیرے قتل کا ارادہ کیا ہے۔ ثمامہ نے کہا میں بے دین نہیں ہوا بلکہ سب سے بہترین دین یعنی محمدؐ کے دین میں داخل ہوا ہوں۔ اس نے کہا خدا کی قسم تمہارے لئے سارا غلہ یمامہ سے آتا ہے اگر تم نے مجھے تنگ کیا تو تمہیں وہاں سے گندم کا ایک دانہ بھی نہیں مل سکے گا۔ اس پر قریش ڈر گئے لیکن پھر بھی انہوں نے ثمامہ کو کافی تنگ کیا۔ جب ثمامہ واپس اپنے وطن پہنچے تو انہوں نے اپنی قوم کو کہا خبردار مکہ والوں کے ہاتھ غلے کا ایک دانہ بھی فروخت نہیں کرنا۔ اہل مکہ اس وجہ سے بہت تنگ ہوئے اور بھوکوں مرنے لگے۔ تو اہل مکہ نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں پیغام بھیجا کہ آپ کا مقام بہت اونچا ہے جنگوں میں ہمارے باپ تو قتل ہو چکے ہیں اب ان کی اولاد آپ کے ہاتھوں بھوکی مر رہی ہے۔ اس پر آنحضرت ﷺ نے ثمامہ کو لکھا کہ اہل مکہ کے ساتھ حسب سابق خرید وفروخت جاری رکھو۔ کیونکہ دشمن کو بھوکا مارنا اچھی بات نہیں۔

(تجرید بخاری۔ الجزء الثانی صفحہ 293)

اس خوبصورت تعلیم کا اثر آپؐ کے صحابہ میں بھی تھا اور وہ بھی اس کے مطابق عمل کیا کرتے تھے۔ نہ صرف مرد صحابہ بلکہ عورتیں بھی اس قسم کے نظائر دکھاتی رہی ہیں کہ ہمدردی خلق کے لئے کھڑی ہو جاتی تھیں اور اپنی قربانی کرنے سے بھی دریغ نہیں کرتی تھیں۔

حضرت ام ھانی بنت ابی طالب روایت کرتی ہیں کہ میں ایک دفعہ آنحضرت ﷺ کے گھر گئی۔ آپ غسل فرما رہے تھے۔ اس کے بعد آپ نے نفل ادا کئے اور پھر میرا حال پوچھا۔ وہ کہتی ہیں میں نے کہا اے اللہ کے رسول میری ماں کا بیٹا علی یعنی میرا بھائی ایک آدمی کو قتل کرنا چاہتا ہے اور میں نے اس کو پناہ دے دی ہے اور وہ فلاں کا بیٹا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اے ام ھانی جس کو تو نے پناہ دی ہے، ہم نے بھی اس کو پناہ دے دی تو یہ ہے ...... امن کی تعلیم کہ ایک عورت ایک معصوم جان کو بچانے کے لئے اپنے بھائی کے مقابلے پر کھڑی ہو جاتی ہے۔ (صحیح بخاری)

ایک اور روایت میں آتا ہے طارق محاربی کا بیان ہے کہ جب اسلام عرب میں پھیلنا شروع ہوا تو ہم چند آدمی مدینہ کو روانہ ہوئے۔ جب مدینے پہنچے تو آنحضرت ﷺ مسجد میں خطبہ دے رہے تھے۔ ہم لوگوں کو دیکھ کر ایک انصاری نے اٹھ کر کہا۔ یارسول اللہ ﷺ یہ لوگ بنو ثعلبہ کے قبیلے کے ہیں اور ان کے مورث نے ہمارے خاندان کے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا۔ اس کے بدلے میں ان کا ایک آدمی قتل کرا دیجئے۔ اس پر آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ باپ کا بدلہ بیٹے سے نہیں لیا جا سکتا۔

(دارقطنی۔ الجزء الثانی ۔ صفحہ 307)

یہ ہے اسوۂ حسنہ جو حضرت محمد ﷺ نے قائم فرمایا کہ کسی کے قتل کا بدلہ لینے کے لئے، خون بہا لینے کے لئے قبیلوں میں سالوں جو لڑائیاں ہوتی تھیں اور بعض دفعہ نسل در نسل یہ چلتا تھا آپؐ نے اپنی حسین تعلیم کے ذریعہ سے اس گناہ سے عربوں کو نکالا اور فرمایا کہ باپ کا بدلہ بیٹے سے نہیں لیا جا سکتا۔

پھر اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

(۔) (بقرہ:257) دین میں کوئی جبر نہیں۔ اس کی بھی ایک حسین مثال دیکھیں۔ حضرت عمرؓ کا ایک غلام تھا جو مسلمان نہیں تھا۔ آپ اس کو اکثر کہا کرتے تھے کہ مسلمان ہو جاؤ اور وہ انکار کر دیتا تھا۔ لیکن حضرت عمرؓ نے کبھی اس پر سختی نہیں کی بلکہ **(لا اکراہ فی الدین)** کہہ کر چپ ہو جاتے تھے آخر حضرت عمرؓ نے اپنی آخری بیماری میں اسے آزاد بھی کر دیا۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:

”.......... کیا وہ لوگ جو جبر سے مسلمان کئے جاتے ہیں ان کا یہی صدق اور یہی ایمان ہوتا ہے کہ بغیر کسی تنخواہ پانے کے، باوجود دو تین سو آدمی ہونے کے ہزاروں آدمیوں کا مقابلہ کریں اور جب ہزار تک پہنچ جاویں تو کئی لاکھ دشمن کو شکست دے دیں۔ اور دین کو دشمن کے حملے سے بچانے کے لئے بھیڑوں بکریوں کی طرح سر کٹا دیں۔ اور اسلام کی سچائی پر اپنے خون سے مہریں کر دیں۔ اور خدا کی توحید کو پھیلانے کے لئے ایسے عاشق ہوں کہ درویشانہ طور پر سختی اٹھا کر افریقہ کے ریگستان تک پہنچیں اور اس ملک میں اسلام کو پھیلا دیں اور پھر ہر یک قسم کی صعوبت اٹھا کر چین تک پہنچیں۔ نہ جنگ کے طور پر بلکہ درویشانہ طور پر۔ اور اس ملک میں پہنچ کر دعوت اسلام کریں۔ تم ایماناً کہو کہ کیا یہ کام ان لوگوں کا ہے جو جبراً مسلمان کئے جاتے ہیں، جن کا دل کافر اور زبان مومن ہوتی ہے۔ نہیں، بلکہ یہ ان لوگوں کے کام ہیں جن کے دل نور ایمان سے بھر جاتے ہیں اور جن کے دلوں میں خدا ہی خدا ہوتا ہے“۔

(پیغام صلح۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 468-469)

اب آزادی ضمیر اور مذہب کی بات کرتا ہوں۔ آزادی ضمیر اور مذہب کی جو تعلیم (۔) دیتا ہے اس کے لئے یہ ایک مثال ہی کافی ہے۔ مخالفین کے بعض گروہ آنحضرت ﷺ کی رعایا بن جانے کے باوجود اپنے

پرانے مذہب پر قائم رہنا چاہتے تھے۔ اس لئے قدرتی طور پر ان کے دل میں سوال پیدا ہوا کہ اب ان کا کیا بنے گا۔ کیونکہ جب وہ صاحب اختیار تھے تو مسلمانوں پر سختی کیا کرتے تھے۔ ان کی یہ حالت دیکھ کر آنحضرت ﷺ نے فرمایا بے شک تم نے اپنی ظالمانہ ذہنیت کے ماتحت ایک غلط روش اختیار کی تھی لیکن حق ہر حال پر قائم رہے گا، جاؤ تم پر کوئی گرفت نہیں۔ تم میں سے ہر ایک مذہب کے بارے میں آزاد ہے۔ تم ہمارے ذمی ہو۔ اللہ اور رسول تمہاری ہر قسم کی حفاظت کے ذمہ دار ہیں۔

(نصب الراية فی تخريج احاديث الهداية۔ جلد 4 صفحه 381 مطبوعه مصر)

اور مسلمانوں کو جب بھی مجبوراً اگر جنگ کرنی پڑی تو آنحضرت ﷺ جو بھی فوج بھیجتے تھے اس کو سختی سے یہ تاکید کرتے تھے کہ ''کوئی عورت نہ ماری جائے، بچے نہ مارے جائیں، بوڑھوں کو نہ چھیڑا جائے۔ درویشوں، راہبوں اور تارک الدنیا لوگوں کو کچھ نہ کہا جائے، کسی کو آگ سے نہ جلایا جائے، کسی جانور کو قتل نہ کیا جائے، کسی درخت کو نہ کاٹا جائے۔ اپنے مخالفوں کی طرح کسی دشمن مقتول کے ناک کان نہ کاٹے جائیں۔ پھر جب آپؐ فتح حاصل کر لیتے تو فرماتے کسی زخمی کو قتل نہ کرنا۔ پھر فرمایا کسی بھاگنے والے کا زیادہ تعاقب نہ کرنا۔ پھر قیدیوں کے بارے میں فرماتے کہ ان سے حسن سلوک کرو۔ چنانچہ جنگ بدر کے قیدی خود کہتے ہیں کہ خدا کی قسم مسلمان خود پیدل چلتے اور ہمیں سوار کرتے خود بھوکے رہتے مگر ہمیں کھانا کھلاتے، خود پیاسے رہتے مگر ہمیں پانی پلاتے''۔

(بخاری۔ مسلم۔ ترمذی۔ ابو داؤد)

(۔) کو جنگجو اور دہشت گرد قرار دینے والے سوچیں کیا جنگجو مذاہب اسی طرح تعلیم دیا کرتے ہیں۔ آج کی اس دنیا میں جب انسان اپنے آپ کو بہت مہذب سمجھتا ہے کیا ان اعلیٰ اقدار کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ جب شہری آبادیوں پر ہوائی جہازوں سے بم برسائے جا رہے ہوتے ہیں اور توپوں سے بم داغے جا رہے ہوتے ہیں۔ بغیر کسی وجہ کے معصوم شہری آبادی کا خون کیا جا رہا ہوتا ہے۔ اور یہ صرف ہماری ہی بات نہیں کہ ہم (۔) کی تعریف کر رہے ہیں بلکہ ایک عیسائی مورخ بھی لکھتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ مسلمانوں کے نہایت تیزی کے ساتھ ترقی کرنے کا ایک زبردست سبب یہ بھی تھا کہ خلفاء اسلام ہر قوم اور ہر مذہب کے علماء کے بہت بڑے قدردان تھے۔ اور ہمیشہ ان کو انعام و اکرام سے مالا مال کرتے رہتے تھے۔ ان کے مذہب، ان کی قومیت اور ان کے نسب کا کچھ خیال نہیں کرتے تھے۔ ان میں نصرانی، یہودی، صابی، سامری اور مجوسی غرض ہر ملت کے لوگ تھے۔ خلفاء ان کے ساتھ نہایت عزت اور عظمت کا برتاؤ کرتے تھے۔ غیر مسلموں کو وہی آزادی اور درجہ حاصل تھا جو مسلمان امراء یا حکام کو حاصل ہوتا تھا۔

(تاريخ التمدن الاسلامی۔ جلد 3 صفحه 194)

پس یہی تعلیم ہے جس کو لے کر آج ہر............ نے دنیا کے ہر ملک میں امن قائم کرنا ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کو توفیق دے کہ (۔) کا امن کا پیغام اپنے عمل سے دنیا کو دیں۔ اپنے ملک میں امن قائم رکھنے کے لئے جہاں ہر فسادی سے بچ کر رہنا آپ کا کام ہے وہاں ملک کی بقا اور حفاظت اور امن کے لئے دعائیں کرنا بھی آپ کا کام ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ اب میں معزز مہمانوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے ہمارے جلسہ میں شمولیت اختیار کر کے رونق بخشی۔ اللہ تعالیٰ ان سب مہمانوں کو جزا دے انہوں نے جو محبت خلوص اور بھائی چارے کی فضا پیدا کرنے کی کوشش کی اور ہمارے جلسہ میں آئے۔

(الفضل انٹرنیشنل 30 جولائی 2004ء)

محمد زکریا ورک صاحب

گوگل
انٹرنیٹ کا معروف سرچ انجن

کسی نے انٹرنیٹ پر کوئی معلومات حاصل کرنی ہو تو سب سے پہلے گوگل سرچ انجن کا نام ذہن میں آجاتا ہے۔

کیونکہ اس میں ہر روز 250 ملین انفارمیشن کے لئے درخواستیں آتی ہیں۔ یہ 35 زبانوں میں دنیا کے 85 ممالک میں دستیاب ہے۔ ریاضی کی زبان میں لکھنا ہو تو ایک کے عدد کے ساتھ ایک سو صفر لگا دیں۔ اس میں اس وقت آٹھ بلین ویب صفحات Web Pages موجود ہیں۔

گوگل کمپنی کا آغاز 1998ء میں امریکہ میں سٹین فورڈ یونیورسٹی (Stanford) کے دو دوست طالب علموں Larry Page اور Sergey Brin نے کیا تھا۔ کمپنی کا دستور العمل Don`t be Evil ہے۔ (یاد رہے کہ آئی بی ایم کمپنی کا ماٹو Think ہے)

گزشتہ سال گوگل کمپنی پبلک کمپنی بن گئی اور اس کے سٹاک عوام الناس بے دریغ خریدنے لگے۔ یہ کمپنی جو آج تک صرف سرچ انجن کے طور پر پہچانی جاتی تھی اب یہ امریکہ میں آن لائن سروسز بھی مہیا کرنے لگی ہے۔ اس ضمن میں گوگل نے نئی ویب ای میل سروس کا آغاز کیا جسے جی میل Gmail کہا جاتا ہے۔ اس ای میل کا سٹوریج ایک گیگا بائٹ کے مساوی ہے۔ یہ سروس اگرچہ ابھی تک بیٹا موڈ Beta mode میں ہے تاہم گوگل نے جب بلاگر Blogger فری بلاگ پبلشنگ سروس کو خرید لیا تو اس کے خریداروں نے جی میل اکاؤنٹ حاصل کرنے شروع کر دئے۔ جی میل میں پرانے سسٹم کی طرح فولڈر یا سب فولڈر نہیں ہوتے۔

گوگل کمپنی کا اگلا قدم گوگل ویب براؤزر شروع کرنا ہے جس کے بعد اس کا تجارتی مقابلہ مائیکرو سافٹ انٹرنیٹ ایکس پلورر سے ہوگا۔ اس ضمن میں گوگل Gbrowser.com کو پچھلے سال خرید چکی ہے۔ گوگل کمپنی کی تمام جدید ریسرچ کا کام گوگل لیبارٹری میں ہوتا ہے جو اب اس تیاری میں ہے کہ گوگل ڈیسک ٹاپ کو کامیاب بنا دے۔ گوگل ڈیسک ٹاپ سے آپ اپنے کمپیوٹر پر موجود فائلز اور ڈاکومنٹ کو چشم زدن میں تلاش کر سکتے ہیں۔ اس کے ہمراہ گوگل سکالر Google-scholar.com کی نئی سروس بھی شروع ہو چکی ہے جس کے ذریعہ پی ایچ ڈی کرنے والے طالب علم یا سکالرز عمیق سائنسی یا غیر سائنسی موضوعات پر مضامین یا معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

گوگل کا لفظ اب تو یوں زبان زد عام ہو گیا ہے کہ اگر کوئی آن لائن سرچ کر رہا ہو تو پوچھا جاتا ہے Are you googling? جس طور سے یہ کمپنی ترقی کر رہی اس سے امید کی جاتی ہے کہ یہ عنقریب مائیکرو سافٹ کمپنی کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اکھاڑے میں چاروں شانے چت گرا دے گی۔ گوگل میں اس وقت 1900 لوگ ملازم ہیں جن میں اکثر ڈاکٹریٹ کی ڈگریاں رکھتے ہیں۔ وہ دن دور نہیں جب گوگل اپنا آپریٹنگ سسٹم بھی ایجاد کر لے گی تب مائیکرو سافٹ کے مدار المہام بل گیٹ کا نام لوگوں کے ذہن سے محو ہونا شروع ہو جائے گا۔

Happy Google Doodle

تبصرہ کتب

پھول اور کانٹے

نام کتاب: پھول اور کانٹے (منظوم قطعات)

شاعر: چوہدری شبیر احمد صاحب سلمانؔ

ناشر: فضل احمد طاہر۔ لندن

ایڈیشن: طبع دوم

تعداد صفحات: 37

زیر تبصرہ کتابچہ محترم چوہدری شبیر احمد صاحب سلمانؔ وکیل المال اول تحریک جدید کے منظوم قطعات کا نقش ثانی ہے۔ محترم چوہدری شبیر احمد صاحب گزشتہ نصف صدی سے زائد عرصہ سے جماعتی خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔ شعر و شاعری سے بھی شغف ہے اور جماعتی اخبارات و رسائل میں آپ کی منظومات شائع ہوتی رہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو مترنم آواز سے بھی نوازا ہے۔ جلسہ ہائے سالانہ کے سٹیج سے آپ کی مترنم آواز گونجتی رہی ہے۔ آپ کی شاعری میں جماعتی مزاج کی جھلک واضح طور پر نظر آتی ہے۔ زیر نظر کتاب میں آپ کے قطعات مختلف موضوعات پر اکٹھے کئے گئے ہیں۔ چند قطعات ہدیہ قارئین ہیں:۔

جس کام کا آغاز کیا تیرے نام سے
شامل ہوئے ملائکہ بھی اہتمام سے
مولا میں تیرا نام ہی جپتا رہوں سدا
مجھ کو نہ سروکار رہے صبح و شام سے

....

سلام اس پر درود اس پر کہ جس کی ہر سو ہے ضوفشانی
حرا سے چمکا جو بدر کامل خدا کا محبوب جاودانی
متاع عشق نبیؐ ہے دل میں، مگن ہے شبیرؔ اس خوشی میں
اسی متاع عزیز کی میں کروں گا تا عمر پاسبانی

....

ان کو اپنا بنا لیا میں نے
باقی سب کچھ بھلا دیا میں نے
گرتے پڑتے سنبھل کے چلتے ہوئے
اپنی منزل کو پا لیا میں نے

....

اپنے عمل سے اپنے جنوں کو عیاں کرو
قربانیوں کا وقت ہے قربانیاں کرو
اے خادمانِ دینِ متیں ہوشیار باش
فصل بہار ہے اسے نہ رائیگاں کرو

....

(ایم۔ ایم۔ طاہرؔ)

(بقیہ صفحہ 5)

فرمالی ہے۔ آپ نمازوں کی ادائیگی کی طرف خاص توجہ کریں اور دعاؤں میں لگے رہیں۔ یہ کارڈ والد صاحب کے دفتر میں کام کرنے والے ایک مولوی صاحب کی بھی نظر میں آگیا۔ وہ سخت پریشانی کے عالم میں والد صاحب کے پاس آیا کہ یہ آپ نے کیا کر دیا ہے۔ آپ تو کافر ہو گئے ہیں اور اب مستونگ میں آپ کی زندگی اجیرن کر دی جائے گی۔ والد صاحب نے فرمایا مجھے تمہاری یا کسی اور کی دھمکیوں کی کوئی پرواہ نہیں۔ میں نے حق کو پا لیا ہے۔ اب خواہ ساری دنیا بھی میری مخالفت پر کمربستہ ہو جائے مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں اور نہ ہی میں خوفزدہ ہونے والا ہوں۔

یہ ہے میرے والد صاحب کی قبول احمدیت کی داستان۔ والد صاحب اکثر فرمایا کرتے تھے۔ مجھے تو خدا خود احمدیت میں لایا ہے میں کسی کی دعوت سے احمدی نہیں ہوا۔

میرے والد محترم دانشمند خان صاحب کا قبول احمدیت

مکرم بشیر احمد رفیق صاحب

میرے والد صاحب اوائل جوانی میں گاؤں چھوڑ کر بلوچستان چلے گئے تھے اور وہاں مستونگ جیل میں ملازمت اختیار کرلی تھی۔ گاؤں سے رخصت کرتے وقت میرے دادا صاحب نے انہیں نصیحت کی کہ بیٹا اور جو چاہو کرو لیکن ایک بات کا خیال رکھنا کہ قادیانیوں سے بچ کر رہنا۔ یہ عیسائیوں اور یہودیوں سے بھی بدتر لوگ ہیں۔ یہ خدا کو نہیں مانتے۔ والد صاحب نے ان سے وعدہ کیا کہ وہ احمدیوں سے دور رہیں گے۔ اور ان کے جال میں نہیں پھنسیں گے۔

حضرت والد صاحب کو احمدیت کے بارہ میں قطعاً کوئی علم نہیں تھا۔ اور نہ کبھی کسی احمدی سے ملے تھے۔ اور نہ انہیں احمدیت میں کوئی دلچسپی تھی۔

ان دنوں مستونگ ایک چھوٹا سا قصبہ ہوا کرتا تھا۔ مختصر سی آبادی تھی۔ زیادہ تر بلوچ اور کچھ پختون لوگ آباد تھے۔ والد صاحب کو مستونگ جیل کے اندر ایک وسیع و عریض مکان رہائش کے لئے ملا تھا اور زندگی کی ہر آسائش بھی میسر تھی۔ دفتر میں مختصر سا عملہ بھی آپ کے ماتحت تھا۔ اور زندگی آرام اور سکون سے گزر رہی تھی۔

یہ 1921ء کی بات ہے۔ ایک روز جمعہ کے دن آپ جیل سے اس غرض سے نکلے کہ مستونگ کی جامع مسجد میں نماز جمعہ ادا کریں۔ جونہی آپ جیل سے باہر سڑک پر آئے۔ سامنے سے حضرت مولوی محمد الیاس خان صاحب بھی آگئے۔ دونوں کا آمنا سامنا ہوا اور ایک دوسرے کو السلام علیکم کہنے کے بعد دونوں کا آپس میں تعارف بھی ہوا۔ حضرت مولوی محمد الیاس خان صاحب (جو بعد میں میرے نانا بنے) میرے دادا صاحب کو خوب جانتے تھے۔ انہوں نے میرے والد صاحب کو بتایا کہ وہ نہ صرف میرے دادا صاحب کے دوست ہیں بلکہ ہمارے گاؤں بھی دو ایک مرتبہ گئے تھے۔ حضرت مولوی صاحب نے میرے والد صاحب کو یہ بھی بتایا کہ ان کا تعلق جماعت احمدیہ سے ہے۔ میرے والد صاحب کو ان کی یہ بات اچھی نہ لگی۔ لیکن وہ حضرت مولوی صاحب کی شخصیت اور ان کے نورانی چہرے سے بے حد متاثر ہوئے۔ وہ فرمایا کرتے تھے کہ میں نے دل ہی دل میں کہا کہ ایسا شخص جھوٹا کیسے ہوسکتا ہے۔ حضرت مولوی صاحب نے میرے والد صاحب سے پوچھا کہ وہ کہاں جارہے ہیں۔ والد صاحب نے جواب دیا۔ نماز جمعہ پڑھنے جارہا ہوں۔ حضرت مولوی صاحب نے فرمایا کہ میں بھی نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے گھر سے نکلا ہوں اور یہاں قریب ہی ایک احمدی کے گھر میں ہم نماز پڑھتے ہیں۔ آؤ آج ہمارے ساتھ نماز میں شامل ہوجاؤ۔ والد صاحب نے کچھ دیر سوچا پھر جواب دیا کہ وہ اس شرط پر ساتھ چلنے کو تیار ہیں کہ وہ خطبہ تو سنیں گے لیکن نماز احمدیوں کے ساتھ نہیں پڑھیں گے۔ حضرت مولوی صاحب نے فرمایا کہ بالکل ٹھیک ہے۔ آپ الگ بیٹھ جائیں اور اپنی الگ نماز پڑھ لیں۔

بعد میں حضرت والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ میں نے صرف اس لئے ان کی بات مان لی تھی کہ مجھے بتایا گیا تھا کہ احمدیوں کی نماز میں گانا بجانا ہوتا ہے۔ اور میں دیکھنا چاہتا تھا کہ خود یہ دیکھوں کہ ان کی عبادت کیسے ہوتی ہے۔

والد صاحب حضرت مولوی صاحب کے ساتھ چل پڑے۔ قریب ہی ایک احمدی کا گھر تھا جہاں احمدی اکٹھے ہوتے تھے۔ وہاں جا کر دیکھا کہ بمشکل آٹھ یا دس افراد موجود تھے۔ والد صاحب ایک طرف بیٹھ گئے۔ لیکن یہ دیکھ کر انہیں حیرت ہوئی کہ احمدی جو سنتیں ادا کررہے تھے۔ اپنی نماز کے دوران اس قدر گریہ وزاری کررہے تھے کہ اس نے والد صاحب کو حیرت میں ڈال دیا۔

خطبہ حضرت مولوی محمد الیاس خان صاحب نے دیا۔ ان کا موضوع سورۃ بقرہ کی وہ آیات تھیں جن میں منافقین کا ذکر تھا۔ حضرت مولوی صاحب نے تفصیل سے منافقین کی علامات بیان فرمائیں۔ والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ میں نے سمجھا کہ گویا وہ میرے ہی حالات بیان کررہے ہیں کیونکہ قرآن کریم میں ایک منافق کی جو علامات بیان کی گئی تھیں وہ سب مجھ میں موجود تھیں اور مجھے یہ جان کر سخت صدمہ ہوا اور میرا دل غم سے بھر گیا کہ قرآنی اصطلاح میں جسے منافق کہتے ہیں وہ تو میں خود بھی ہوں۔ حضرت مولوی صاحب کے اس خطبہ نے میرا دل ہلا کر رکھ دیا۔ اور میں سمجھا کہ شاید حضرت مولوی صاحب کو کسی نے پہلے سے ہی میری خراب روحانی زندگی کی اطلاع دے دی ہے اس لئے وہ بغیر نام لئے میرے حالات بیان کررہے ہیں۔ نماز ہوگئی تو چائے کا دور چلا۔ حضرت مولوی صاحب نے مختلف قرآنی آیات کی ایسی تفسیر کی کہ میں عش عش کر اٹھا۔

خیر گھر سے باہر آئے تو حضرت والد صاحب نے حضرت مولوی صاحب کو الگ لے جا کر پوچھا کہ انہیں والد صاحب کی اندرونی منافقانہ زندگی کے بارہ میں کس نے بتایا ہے۔ حضرت مولوی صاحب حیران ہوئے اور فرمایا کہ انہوں نے تو پہلی مرتبہ والد صاحب کو دیکھا تھا۔ اور جو کچھ انہوں نے بیان کیا تھا وہ تو قرآن کریم کی تفسیر تھی۔

اس واقعہ کے بعد کئی ہفتے گزر گئے۔ والد صاحب پھر کبھی نہ تو حضرت مولوی محمد الیاس خان صاحب کو ملے اور نہ ہی احمدیت کے بارہ میں کوئی تحقیق کی اور بات آئی گئی ہوگئی۔

کچھ عرصہ کے بعد دسمبر کے مہینہ میں مستونگ میں شدید برفباری ہورہی تھی۔ راستے برف سے اٹے پڑے تھے اور سارا ماحول شدید یخ بستہ تھا۔ والد صاحب دن بھر کے کام کاج سے فارغ ہوکر اپنے گھر چلے گئے جو جیل کے اندر ہی تھا۔ لالٹین جلائی نوکر نے کھانا تیار کیا ہوا تھا، وہ کھایا اور سونے کی تیاری کرنے لگے۔ نوکر جو ایک قیدی تھا کو رخصت کردیا۔ اور بستر پر دراز ہوگئے۔ آدھی رات کو آپ نے محسوس کیا کہ کوئی آپ کے پاؤں کے انگوٹھے کو زور سے دبا رہا ہے والد صاحب بڑبڑا کر اٹھ کھڑے ہوئے تو آواز آئی "اٹھ بیعت کر" والد صاحب نے فوراً لالٹین جلائی گھر کا ہر کمرہ جا کر دیکھا لیکن پھر یہ سوچ کر کہ اول تو گھر جیل کے احاطہ کے اندر ہے جہاں سخت پہرہ ہے دوسرے اتنی شدید سردی اور برفباری میں کوئی چور بھی چوری کے لئے باہر نہیں نکلے گا۔ آپ دوبارہ بستر پر لیٹ گئے، لالٹین بجھا دی اور جلد ہی گہری نیند سو گئے لیکن تھوڑی دیر کے بعد دوبارہ آپ کو اپنے پاؤں پر شدید دباؤ محسوس ہوا اور ساتھ ہی آواز آئی "اٹھ بیعت کر" آپ نے گھبراہٹ سی محسوس کی، لالٹین جلایا اور رات کا بقیہ حصہ جاگتے گزار دیا۔ دن کو یہ واقعہ آپ کے ذہن سے محو ہوگیا۔ اگلی رات آئی تو پھر جونہی آپ گہری نیند سو گئے وہی واقعہ دہرایا گیا اور آواز آتی رہی "اٹھ بیعت کر" غرض آپ خوف کے مارے سو نہ سکے اور رات جاگتے گزار دی۔

آپ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے یہ بھی معلوم نہ تھا کہ بیعت ہوتی کیا ہے میں نے زندگی میں اس سے قبل کبھی "بیعت" کا لفظ سنا تک نہیں تھا۔ سخت پریشانی کا عالم تھا۔ اور سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کیا کروں اور کس سے مشورہ کروں۔ بالآخر میں نے سوچا کہ کیوں نہ قریبی مسجد کے مولوی صاحب سے "بیعت" کے معنے پوچھوں۔ یہ ارادہ کرکے میں گھر سے نکل کر باہر فٹ پاتھ پر آگیا۔ اب اللہ تعالیٰ کی تقدیر نے اپنا کام شروع کیا۔ سامنے سے حضرت مولوی محمد الیاس خان صاحب چلے آرہے تھے۔ مجھے دیکھا تو فوراً پوچھا۔ تمہاری آنکھیں سوجی ہوئی ہیں خیریت تو ہے۔ میں نے عرض کیا مولوی صاحب خیریت کہاں ہے۔ میں تو ایک مصیبت میں پھنس گیا ہوں اور اس کے بعد پچھلے دو تین راتوں کی ساری کہانی انہیں سنا کر پوچھا کہ مولوی صاحب یہ بیعت کیا چیز ہے۔ حضرت مولوی صاحب نے بیعت کی تشریح کی تو والد صاحب نے پوچھا کہ بیعت کہاں اور کس سے کرنی ہوتی ہے۔ حضرت مولوی صاحب نے جواب دیا۔ بیعت قادیان میں حضرت خلیفہ ثانی سے ہوتی ہے۔ والد صاحب نے فرمایا مولوی صاحب فوراً میری بیعت کرادیں میں سخت پریشان ہوں۔

مولوی صاحب والد صاحب کو اپنے گھر لے گئے اور بیعت فارم پُر کروالیا اور فرمایا اب انشاء اللہ تمہیں رات کو کوئی نہیں ستائے گا اور تم آرام سے سو سکو گے۔

والد صاحب واپس اپنے گھر آگئے، اگلی رات آئی۔ والد صاحب کو خوف تو بہت تھا لیکن بالآخر نیند آگئی اور آپ گہری نیند سو گئے۔ رات آرام سے گزری اور کسی نے آپ کو نہ جگایا۔ اور نہ بیعت کرنے کا حکم دیا۔ کہ بیعت تو اب آپ کر ہی چکے تھے۔

چند دن بعد حضرت مولوی محمد الیاس خان صاحب سے سرراہے ملاقات ہوئی تو حضرت مولوی صاحب نے والد صاحب کو کہا کہ وقت نکال کر میرے پاس آکر مجھ سے قرآن اور اس کی تفسیر پڑھو۔ والد صاحب نے کہا کہ میں نے تو بچپن میں قرآن نہ پڑھنے کی قسم کھا رکھی ہے۔ حضرت مولوی صاحب بہت حیران ہوئے اور پوچھا کہ تم نے ایسی قسم کیسے کھالی جو سراسر خلاف شریعت ہے اور غلط ہے۔ والد صاحب نے عرض کیا۔ مولوی صاحب "بچپن میں میرے والد صاحب نے مجھے گاؤں کے ملا صاحب کے پاس قرآن پڑھنے کے لئے بٹھا دیا۔ ناظرہ قرآن ختم کرکے جب قرآن مجید کا ترجمہ پڑھنا شروع کیا تو بعض سوالات میرے ذہن میں اٹھنے شروع ہوئے۔ چند دن میں یہ سوالات ملا صاحب کے سامنے پیش کرتا رہا اور ان سے جواب مانگا۔ ایک دن ملا صاحب نے غصہ میں فرمایا کہ قرآن کریم کے بارہ میں سوالات کرنا کفر کی علامت ہے اس لئے اگر آئندہ تم نے کوئی بھی سوال کیا تو کافر ہوجاؤ گے۔ والد صاحب فرماتے تھے کہ گھر آکر میں نے دل میں قسم کھائی کہ اب قرآن نہ پڑھوں گا جس کے سمجھنے کی کوشش سے انسان کافر بن جاتا ہے۔ ایسی کتاب کو تو پڑھنا ہی نہیں چاہئے۔

حضرت مولوی صاحب نے ساری بات سن کر فرمایا۔ دانشمند خان۔ میں تمہیں قرآن پڑھاؤں گا اور خواہ ایک آیت کی تشریح کو سمجھنے میں تمہیں دس دن بھی لگ جائیں۔ میں تمہارے ہر سوال کا جواب دوں گا۔ قرآن تو ایمان پیدا کرتا ہے نہ کہ کفر۔ اس کے متعلق تو آیا ہے کہ ھدیً للمتقین۔ یہ متقیوں کے لئے بھی ہدایت کا موجب ہے۔ اس کے پڑھنے، اس پر غور کرنے اور سوال کرنے سے کفر کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ والد صاحب مان گئے۔ اور قرآن کریم کو پڑھنے، سمجھنے اور اس کی تفسیر میں حضرت مولوی صاحب کی شاگردی اختیار کرلی۔

بیعت کا فارم قادیان بھجوانے کے کچھ عرصہ بعد والد صاحب کو حضرت مفتی محمد صادق صاحب کا جو حضرت خلیفہ ثانی کے پرائیویٹ سیکرٹری تھے کا کارڈ موصول ہوا۔ جس میں لکھا تھا کہ آپ کی بیعت حضور نے منظور

(باقی صفحہ 4 پر)

رپورٹ: فہیم احمد نیاز صاحب

جماعت احمدیہ فرانس کا 13واں جلسہ سالانہ

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جماعت احمدیہ فرانس کو اپنا تیرھواں جلسہ سالانہ مرکزی مشن ہاؤس بیت السلام میں منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ یہ جلسہ سالانہ مورخہ 28,27,26 دسمبر 2004ء منعقد کیا گیا۔ یہ جلسہ کئی لحاظ سے منفرد اور تاریخی تھا۔ سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز بنفس نفیس اس جلسہ میں رونق افروز ہوئے۔ امسال جلسہ سالانہ فرانس دسمبر کے مہینہ میں ہوا تا کہ قادیان دارالامان کے جلسہ کے دنوں میں ہو۔

حضور انور کا افتتاحی خطاب قادیان کے جلسہ سالانہ کے لئے افتتاحی خطاب تھا اور اسی طرح فرانس کے جلسہ کا اختتامی خطاب قادیان کے جلسہ کے لئے بھی اختتامی خطاب تھا اور ہر دو خطاب MTA پر براہ راست دیکھے اور سُنے گئے۔ اور جلسہ قادیان کے کچھ نظارے براہ راست فرانس میں دیکھنے کو ملے اور ساری دنیا نے بھی ان مناظر کو دیکھا۔ موسم کی خرابی سردی اور بارش وغیرہ مسائل کے باوجود اللہ تعالیٰ کے فضل سے بخیر و خوبی جلسہ کے پروگرام ہوتے رہے۔

انتظامات

جلسہ سے کچھ عرصہ قبل اس کی تیاریوں کے لئے میٹنگز ہونی شروع ہو گئیں۔ ان میں افسر جلسہ سالانہ مکرم حفیظ احمد ملک صاحب۔ افسر جلسہ گاہ مکرم اشتیاق احمد صاحب اور افسر خدمت خلق مکرم سعید حدودی صاحب مقرر ہوئے۔ جنہوں نے نہایت محنت اور جانفشانی سے اپنے فرائض سرانجام دئے اور ان کے نائبین بھی مقرر کئے گئے۔

مکرم نصیر احمد شاہد صاحب مربی سلسلہ بیلجیئم جلسہ سالانہ سے کچھ روز قبل تشریف لائے اور جلسہ کے انتظامات اور دوسرے امور میں بہت ہاتھ بٹایا۔

حضور انور کا ورود مسعود

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ورود بروز بدھ رات تقریباً 11 بجے مشن ہاؤس میں ہوا۔ امسال اہل فرانس کی یہ بھی خوش بختی رہی کہ حضور انور نے دو خطبات جمعہ یہاں سے ارشاد فرمائے۔

جلسہ کے پروگرام

جماعت احمدیہ فرانس کا تیرھواں جلسہ سالانہ 26 دسمبر بروز اتوار شروع ہوا۔ صبح 9:30 بجے پرچم کشائی کی تقریب ہوئی۔ حضور انور نے لوائے احمدیت لہرایا جب کہ مکرم اشفاق احمد ربانی صاحب امیر جماعت فرانس نے فرانس کا قومی پرچم لہرایا۔ اس کے بعد حضور انور نے دعا کروائی۔

افتتاحی اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو خاکسار نے کی اور ان آیات کا اردو ترجمہ پیش کیا۔ اس کے بعد منیر ناگی صاحب نے حضرت مسیح موعود کا پاکیزہ منظوم کلام ہے۔

ہے شکر رب عزّ و جل خارج از بیاں

ترنم کے ساتھ پڑھ کر سنایا۔ جس کے بعد حضور انور نے افتتاحی خطاب فرمایا۔

دوسرا اجلاس

بعد از دوپہر اڑھائی بجے دوسرا اجلاس مکرم سمیر بخوطہ صاحب کی صدارت میں ہوا۔ تلاوت قرآن کریم اور اس کا فرنچ ترجمہ مکرم ناصر رحمٰن صاحب نے پڑھا۔ جبکہ اردو ترجمہ مکرم منصور احمد صاحب نے پیش کیا۔ مکرم محمود محمد حسین صاحب نے حضرت اقدس مسیح موعود کے عربی قصیدہ سے چند اشعار خوش الحانی سے پڑھے اس کا اردو ترجمہ مکرم ابدال ربّانی صاحب نے پیش کیا۔ بعد ازاں مکرم عطاء المجیب راشد صاحب امام بیت فضل لندن نے اردو میں ''سیرت النبی ﷺ'' کے موضوع پر تقریر کی۔ دوسری تقریر مکرم امین جواہر صاحب امیر جماعت احمدیہ ماریشس نے فرنچ میں بعنوان ''مغربی معاشرہ میں ایک احمدی نوجوان کا کردار'' کی۔ ان دونوں تقاریر کا فرنچ اور اردو میں ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔

تیسرا اجلاس

جلسہ کا تیسرا اجلاس بروز سوموار صبح 11.00 بجے مستورات کا تھا۔ اس اجلاس کی صدارت مکرمہ نسیم دلانوا صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ فرانس نے کی۔ تلاوت قرآن کریم مع اردو ترجمہ مکرمہ رفعت مبشر صاحبہ نے پیش کیا۔ اس کا فرنچ ترجمہ مکرمہ یاسمین سعید صاحبہ نے پیش کیا۔ نظم مکرمہ بشریٰ حبیب صاحبہ نے کلام حضرت مسیح موعود سے پیش کی۔ جبکہ اس کا فرنچ ترجمہ مکرمہ مبشرہ ماجد صاحبہ نے پیش کیا۔

اس اجلاس کی پہلی تقریر مکرمہ نزہت عارف صاحبہ نے بعنوان ''سیرت حضرت خدیجہ ؓ'' اردو میں کی۔ اس کا فرنچ ترجمہ مکرمہ طاہرہ ماجد صاحبہ نے پیش کیا۔ دوسری تقریر مکرمہ نصرت قدسیہ وسیم صاحبہ نے اردو میں ''تربیت اولاد'' کے موضوع پر کی جس کا فرنچ ترجمہ مکرمہ منیرہ دُبری صاحبہ نے پیش کیا۔ پروگرام کے آخر میں مکرمہ منصورہ مالک صاحبہ نے ''اک نہ اک دن پیش ہوگا تو فنا کے سامنے'' نظم پڑھی اور اس کا فرنچ ترجمہ مکرمہ انیقہ اشتیاق صاحبہ نے پیش کیا۔

چوتھا اجلاس

بروز سوموار تین بجے سہ پہر مکرم عطاء المجیب راشد صاحب کی زیر صدارت شروع ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد دو تقاریر ہوئیں۔ دونوں تقاریر فرنچ میں ہوئیں۔ پہلی تقریر مکرم نصیر احمد شاہد صاحب نے ''نظام وصیت اور برکات خلافت'' کے موضوع پر کی۔ جبکہ دوسری تقریر مکرم سمیر بخوطہ صاحب آف جرمنی نے بعنوان ''دین حق امن کا پیغام'' کی۔ ان دونوں تقاریر کا اردو ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔

اختتامی اجلاس

28 دسمبر بروز منگل جلسہ کا آخری دن تھا۔ صبح تقریباً 11.00 بجے جب حضور انور جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ تو جلسہ گاہ نعروں سے گونج اٹھا۔ یہ منظر قابل دید تھا۔ جب بیک وقت فرانس سے اور قادیان کی سرزمین سے نعروں کی آوازیں اٹھ رہی تھیں۔ اس اختتامی اجلاس میں علاقہ کے میئر، Togo اور آئیوری کوسٹ کی ایمبیسیز کے نمائندگان نے شرکت کی۔ مشن ہاؤس کے ریجن کے ایک ڈپٹی میئر نے بھی شرکت کی۔ علاقہ کے میئر نے خطاب بھی کیا۔ مکرم امیر صاحب نے ان خطابات کا اردو میں ترجمہ بھی پیش کیا۔ نیز مکرم امیر صاحب نے حکومتی سطح پر اعلیٰ شخصیات کے موصول ہونے والے پیغامات بھی پڑھ کر سنائے۔ اجلاس کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم اسرار الحق صاحب نے کی اور اردو ترجمہ بھی پیش کیا۔ نظم مکرم موسیٰ سمارے صاحب نے ''ہر طرف فکر کو دوڑا کے تھکایا ہم نے'' خوش الحانی سے پڑھی۔ اس کے بعد حضور انور نے دنیا میں امن قائم کرنے کے لئے دینی تعلیمات سے معمور روح پرور خطاب فرمایا۔

مذکورہ بالا مہمانان کرام نے پورا خطاب بڑی توجہ سے سنا اور بعد میں اس پر مثبت تبصرہ بھی کیا۔

حضور انور کے خطبات جمعہ اور خطابات جلسہ کا فرنچ ترجمہ لندن سے براہ راست نشر ہوتا رہا۔

بچوں کی کلاسز

حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچوں کے ساتھ تین کلاسیں بھی لیں۔ پہلی چلڈرن کلاس 7 تا 12 سال کے اطفال، ناصرات کیلئے تھی۔ جبکہ باقی دو کلاسیں واقفین نو اور واقفات نو کی الگ الگ ہوئیں۔

دیگر پروگرام

اس کے علاوہ جلسہ کے ایام میں روزانہ نماز تہجد با جماعت ادا کی جاتی رہی۔ پانچوں نمازیں حضور انور کی اقتداء میں احباب جماعت ادا کرتے رہے۔ ہر روز فجر کے بعد درس حدیث ہوتا رہا۔

غیر از جماعت احباب کے لئے VIP ٹینٹ لگایا گیا تھا جہاں انہیں دعوت الی اللہ بھی ہوتی رہی فرانس کے اس تاریخی جلسہ میں 12 ممالک کے افراد جماعت نے شرکت کی جن میں انگلستان، ماریشس اور سوئٹزرلینڈ کے احباب کے علاوہ 38 مختلف قومیتوں کے لوگوں نے شرکت کی۔ کل حاضری 815 رہی۔

احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام شرکاء جلسہ کو اس کی دائمی برکات سے نوازے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 4 مارچ 2005ء)

❁❁❁❁❁

پناہ گاہ

جاوید چودھری لکھتے ہیں:۔

''میں 1990ء میں بہاولپور میں پڑھتا تھا ہم چند دوست صحرا کی سیر کے لئے چولستان گئے وہاں ہمیں ایک شکاری ملا۔ شکاری بہت دلچسپ شخص تھا۔ ہم نے اس سے ہرنوں کی نفسیات پر بات چیت شروع کر دی۔ اس نے گفتگو کے دوران بڑی دلچسپ بات بتائی۔ اس نے بتایا جب ہم لوگ یا ہمارے کتے کسی ہرن کے تعاقب میں نکلتے ہیں تو ہرن جان بچانے کے لئے سرپٹ بھاگتا ہے۔ وہ پہلے ریت کے ٹیلوں میں پناہ تلاش کرتا ہے جب اسے وہاں پناہ نہیں ملتی تو وہ اچانک قریبی گاؤں یا بستی کی طرف مڑ جاتا ہے شکاری بھی اس کے تعاقب میں بھاگتے ہیں۔ گاؤں میں داخل ہوتے ہی ہرن قریب ترین مسجد میں گھس جاتا ہے اس کا خیال ہوتا ہے اس وقت دنیا میں مسجد وہ واحد جگہ ہے جہاں اس کی جان محفوظ ہے۔ جہاں اسے کوئی خطرہ نہیں ہوگا۔ ہم لوگ بھی جب اسے مسجد میں گھستے دیکھتے ہیں تو چپ چاپ واپس آ جاتے ہیں اگر اس وقت ہمارے ساتھ کتے ہوں تو وہ بھی خاموش ہو کر دہلیز کے باہر بیٹھ جاتے ہیں۔ شکاری کی بات آج تک میرے دماغ سے چپکی ہے۔ میں سوچتا ہوں جن مسجدوں میں کبھی ہرنوں کو پناہ مل جاتی تھی۔ آج ان مسجدوں میں اہل ایمان تک غیر محفوظ ہیں وہ مسجدیں آج اپنے نمازیوں تک کو پناہ نہیں دے سکتیں۔ افسوس جو ملک مسلمانوں نے اسلام کے نام پر بنایا تھا آج اس ملک کی مسجدوں میں اسلام محفوظ ہے اور نہ ہی مسلمان۔

(جنگ 17 نومبر 2004ء)

اسہال

چائنا۔ پٹرولیم

''چائنا کے مریض کے ...... منہ کا مزا کڑوا اور خوراک بھی کڑوی یا ضرورت سے زیادہ نمکین لگتی ہے جس کی وجہ سے مریض خوراک سے نفرت کرتا ہے۔ دودھ پینے سے بھی معدہ خراب ہو جاتا ہے۔ مزمن اسہال رات کو بڑھ جاتے ہیں اس کے برعکس پٹرولیم میں اسہال دن کے وقت شروع ہوتے ہیں اور رات سے پہلے ختم ہو جاتے ہیں۔'' (صفحہ: 301)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو دفتر بہشتی مقبرہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

